Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : II Semester Examination May - 2018

Paper : MAUR204DST : Sir Syed Ahmed Khan

پرچہ : سرسید احمد خان

Time : 3 hrs — Marks : 70

415

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) سرسید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(a) 17 اکتوبر آگرہ (b) 17 اکتوبر دہلی (c) 17 اکتوبر مرادآباد (d) 17 اکتوبر علی گڑھ

(ii) سرسید کی تصنیف جام جم کا تعلق کس زبان سے ہے؟

(a) اردو (b) ہندی (c) فارسی (d) انگریزی

(iii) سرسید کو کس خطاب سے نوازا گیا؟

(a) جوادالدولہ سرسید (b) جوادالدولہ سید احمد خاں عارف جنگ (c) امیرالدولہ سرسید (d) شجاعت الدولہ سید احمد خان

(iv) سائنٹیفک سوسائٹی کا قیام علی گڑھ سے پہلے کس شہر میں ہوا؟

(a) مرادآباد (b) لکھنو (c) بجنور (d) غازی پور

(v) علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کس سن میں جاری کیا گیا؟

(a) 1864 (b) 1865 (c) 1866 (d) 1867

(vi) ''آثار الصنادید'' میں کس شہر کی عمارتوں کا بیان ہے؟

(vii) مسلمانوں کی اصلاح اور ترقی کے لئے سرسید نے کون سا رسالہ جاری کیا؟

(viii) ''اسباب بغاوت ہند'' میں کس شہر کے مسلمانوں کو بغاوت کرنے کے الزام سے بری کیا گیا ہے؟

(ix) ''سرسید اور ان کے نامور رفقاء'' کے مصنف کون ہیں؟

(x) اسٹیل اور ایڈیسن کون سا رسالہ نکالتے تھے؟

حصہ دوم

2- سرسید کی سوانح پر مدلل نوٹ قلمبند کیجیے۔

3- ''سائنٹفک سوسائٹی'' کے اغراض ومقاصد بیان کیجیے۔

4- ''تہذیب الاخلاق'' کی سماجی اورادبی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔

5- سرسید کی صحافتی خدمات بیان کیجیے۔

6- سرسید کی مقالہ نگاری یا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس پر نوٹ لکھیے۔

7- سرسید کی قومی وملّی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

8- تعلیم نسواں سے متعلق سرسید کا نظریہ پیش کیجیے۔

9- سرسید کے اسلوب نگارش کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10- حیات جاوید کے حوالے سے سرسید کی شخصیت کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

11- سرسید کے عہد میں ہندوستان کی سیاسی وسماجی صورت حال کا جائزہ پیش کیجیے۔

12- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ قلمبند کیجیے۔

(a) بحث وتکرار (b) تعلیم وتربیت (c) خوشامد (d) کاہلی

13- سرسید کے ادبی کارناموں کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

14- ''اردو میں جدید نثر کا آغاز سرسید احمد خان سے ہوتا ہے'' اس قول کی تائید یا تردید میں مدلل گفتگو کیجیے۔

☆☆☆